## سوال

ہماری شادی کو دس برس ہوچکے ہیں، میرا خاوند اولاد نہیں پیدا کرنا چاہتا، ابتدا میں تو یہ کہتا تھا کہ ہم ذرا حالات بہتر کرلیں تو پھر پیدا کریں گے، اور اب یہ کہتا ہے کہ ہمیں کیا علم کہ یہ اولاد بری ہوچاہے ہم ان کی تربیت بھی اچھی کریں لیکن پھر بھی ہمارے لیے مشکلات پیدا کرنے کا باعث بنیں، اس طرح کی اور کئی غلط قسم کی باتیں کرتا ہے میرا یہ سوال ہے کہ کیا اسے یہ دلیل دے کر مجھے اولاد سے محروم رکھنے کا حق حاصل ہے، حالانکہ میں نے شادی کی ابتدا میں ہی اسے کہا تھا کہ میں ماں بننا چاہتی ہوں، اور ایک گھریلو عورت بن کر رہنا چاہتی ہوں!! میرا خیال ہے کہ اسے میری اولاد کی تربیت کا شوق نہیں ہے، لیکن میں یہ پسند کرتی ہوں، وہ میری ملازمت کا شوق رکھتا ہے، لیکن میں یہ پسند نہیں کرتی، یہ علم میں رہے کہ وہ نیک وصالح اور اچھا شخص ہے اور میں اس سے محبت کرتی ہوں، برائے مہربانی آپ اسے کیا نصیحت کرتے ہیں؟ میں اس سے محبت تو بہت کرتی ہوں لیکن اس کی اس سلسلہ میں سوچ تبدیل نہیں کرسکتی، بلکہ مجھے خدشہ ہے کہ کہیں یہ محبت کراہت میں نہ تبدیل ہوجائے کیونکہ اولاد پیدا نہ کرنے میں وہی سبب بن رہا ہے اور اس نے مجھے اولاد سے محروم رکھا ہوا ہے بلکہ اب تو اس کے بارہ میں میری طبیعت میں منفی پہلو پیدا ہونا شروع ہوگیا ہے، اور جو بھی کہتا ہے میں آسانی سے اسے سچ نہیں مانتی، اس لیے برائے مہربانی کوئی نصیحت فرمائیں، اور یہ بتائیں کہ: کیا مجھے حق حاصل ہے کہ منصوبہ بندی کے لیے وہ جو طریقہ بھی استعمال کرتا ہے میں اسے کسی بھی حیلہ سے ناکام بنا سکتی ہوں؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور دورود وسلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں:

اول:

اولاد پیدا کرنا خاوند اور بیوی دونوں کا مشترکہ حق ہے اور دونوں میں کوئی بھی اس حق کو اپنے لیے مخصوص نہیں کرسکتا

اس لیے اگر بیوی اولاد پیدا کرنا چاہتی ہو تو خاوند اسے ایسا کرنے سے نہیں روک سکتا، اسی طرح فقہاء کرام کا فیصلہ ہے کہ آزاد عورت کا خاوند اس کی اجازت کے بغیر عزل نہیں کر سکتا

شیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"اہل علم کا کہنا ہے کہ:

وہ آزاد عورت کی اجازت کے بغیر عزل نہیں کرسکتا، یعنی: خاوند اپنی آزاد بیوی کی اجازت کے بغیر بیوی سے عزل نہ کرے؛ کیونکہ بیوی کو بھی اولاد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، اور پھر بیوی کی اجازت کے بغیر عزل کرنے میں بیوی کو عدم استمتاع ہے، کیونکہ بیوی کو لذت اور استمتاع ہی خاوند کے عزل کے بعد حاصل ہوتی ہے

اس بنا پر بیوی سے عزل کی اجازت نہ لینے میں اس کے حق استمتاع میں نقص پیدا کرنا ہے، اور اسے اولاد حاصل نہ کرنے دینا ہوگا، اس لیے ہم نے شرط لگائی ہے کہ بیوی کی اجازت سے ہی عزل کیا جائے" انتہی

دیکھیں: فتاوی اسلامیۃ (190/3).

اس لیے آپ کے خاوند کو یہ جاننا چاہیے کہ یہ خاوند اور بیوی دونوں کا حق ہے، اور اس کے لیے آپ کی رضامندی کے بغیر کوئی بھی ایسی چیز استعمال کرنی جائز نہیں جو حمل کے لیے مانع

ہو

دوم :

اولاد کی صحیح تربیت نہ کرنے یا پھر اولاد خراب ہونے کے خدشہ سے حمل میں تاخیر کرنا ایک ایسا امر ہے جس میں اللہ سبحانہ وتعالی کے ساتھ سوء ظن پایا جاتا ہے ، کیونکہ شریعتا سلامیہ میں توکثرت اولاد کی ترغیب دلائی گئی ہے

اور پھر مومن شخص کواپنے اللہ کے ساتھ حسن ظن رکھنا چاہیے کہ اللہ اس کی اولاد کی اصلاح فرمائیگا اوراسے ہدایت سے نوازے گا ، اوراگر لوگ اس خدشہ پر اعتماد کرنے لگیں توپھر اولاد کم ہواور شریعت اسلامیہ نے جوکثرت اولادک ترغیب دلائی ہے وہ پوری نہیں ہوگی

معقل بن یسار رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کرنے لگا :

مجھے ایک حسب ونسب والی خوبصورت عورت کا رشتہ ملا ہے لیکن وہ بانجھ ہے اولاد پیدا نہیں کرسکتی کیا میں اس سے شادی کرلوں ؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : نہیں

راوی بیان کرتے ہیں : وہ شخص دوبارہ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا توآپ نے اسے منع کردیا ، اور پھر وہ تیسری بار آیا تورسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"ایسی عورت سے شادی کروجوزیادہ محبت کرنے والی ہو ، اورزیادہ بچے پیدا کرنے والی ہو ، کیونکہ میں تمہاری کثرت سے امتوں پر فخر کرونگا"

سنن ابوداود حدیث نمبر ( 2050 ) علامہ البانی رحمہ اللہ نے ارواء الغلیل حدیث نمبر ( 1784 ) میں اسے صحیح قرار دیا ہے

مزید آپ سوال نمبر ( 7205 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں

سوم :

مانع حمل دوائی استعمال کرنے میں بیوی کواپنے خاوند کی اطاعت کرنا لازم نہیں؛ کیونکہ ایسا کرنے میں بیوی کا حق ضائع ہوتا ہے ، بلکہ وہ اس کےلیے کوئی ایسا حیلہ کرسکتی ہے جس کی بنا پر وہ نکاح کے شرعی مقصد کوپاسکے یعنی اولاد پیدا کرسکے

اور بیوی کےلیے اس طرح کے وسائل سے صریحا انکار کرنے کا بھی حق ہے ، اوراگر خاونداپنے موقف پر قائم رہے اوراصرار کرے تواپنے آپ سے ضرر دور کرنے کےلیے بیوی طلاق کا مطالبہ کرسکتی ہے

آپ کے خاوند کوہماری نصیحت ہے کہ وہ اولاد پیدا کرکے امت میں اضافہ کرے ، اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اولاد اللہ سبحانہ وتعالی کی نعمت ہے ، اوراس کی قدر وہی جانتا ہے جواس نعمت سے محروم ہے ، اور بیوی کواولاد کی نعمت سے محروم رکھنا اس کی حق تلفی کرنا اوراس پر ظلم وزیادتی کہلاتا ہے

ہم آپ کے سامنے اس مسئلہ شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کی ایک بہت ہی قیمتی نصیحت پیش کرتے ہیں :

شیخ سے رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا :

ایک نوجوان شادی شدہ ہے اوراس کے تین بچے بھی ہیں مختصر یہ کہ وہ نوجوان کہتا ہے :

میں اور بیوی دونوں نے فیصلہ کیا ہے کہ اب اولاد پیدا نہ کی جائے تاکہ ہم اپنی اولاد کی صحیح اسلامی تربیت کر سکیں، برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کی نظر میں کیا حل ہے؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

یہ حل صحیح نہیں، یعنی اولاد پیدا کرنے سے رک جانا صحیح نہیں ہے، اس لیے کہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی راہنمائی کے خلاف ہے کیونکہ آپ کا فرمان ہے:

"ایسی عورت سے شادی کرو جو زیادہ محبت کرنے والی ہو، اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی ہو، میں تمہارے زیادہ ہونے پر روز قیامت فخر کرونگا"

اور اس لیے بھی کہ انسان کو علم نہیں ہے، ہو سکتا ہے جو بچے اس کے پاس ہیں وہ فوت ہو جائیں اور وہ بغیر اولاد رہ جائے، اور یہ علت بیان کرنا کہ یہ ایسا کیا جا رہا ہے تاکہ ان کی تربیت پر کنٹرول کیا جاسکے، اور ان کے اخراجات کی ادائیگی صحیح طرح کرسکے، یہ فی الواقع ایک کمزور اور بودی سے تعلیل ہے

کیونکہ اصلاح تو اللہ سبحانہ وتعالی کے ہاتھ میں ہے اور بلاشک تربیت تو صرف ایک سبب ہے، کتنے ہی ایسے انسان ہیں جن کا صرف ایک ہی بچہ ہے لیکن وہ اس کی تربیت کرنے سے ہی عاجز ہے

لیکن کئی لوگ ایسے بھی ہیں جن کے دس بچے ہیں اور اس نے اپنے بچوں کی تربیت بھی کی اور اللہ سبحانہ وتعالی نے اس کے ہاتھوں بچوں کی اصلاح فرما دی، جو شخص یہ کہتا ہے کہ اگر بچے زیادہ ہوگئے تو وہ ان پر کنٹرول نہیں کرسکے گا وہ اللہ عزوجل کے ساتھ سوء ظن کر رہا ہے، اور ہو سکتا ہے اسے اس سوء ظن کی سزا بھی بھگتنی پڑے

بلکہ یقین رکھنے والا مومن شخص تو شرعی اسباب اختیار کرتے ہوئے اللہ سبحانہ وتعالی سے معاونت و توفیق طلب کرتا ہے، اور جب اللہ سبحانہ وتعالی اپنے بندے کا صدق و سچائی اور صدق نیت دیکھتا ہے تو اس کے معاملات کی اصلاح فرما دیتا ہے

اس لیے میں سوال کرنے والے بھائی سے گزارش کرتا ہوں کہ تم ایسا مت کرو، اور منصوبہ بندی کرتے ہوئے اولاد پیدا کرنا بند مت کرو، اولاد پیدا کرنا بند مت کرو، بلکہ حسب استطاعت جتنی زیادہ اولاد پیدا کر سکتے ہو پیدا کرو، کیونکہ ان کا رزق اور ان کی اصلاح اللہ کے ذمہ ہے

آپ انکی جتنی زیادہ تربیت کرینگے آپ کو اجر بھی اتنا ہی زیادہ ملے گا، اس لیے اگر آپ کے تین بچے ہیں اور آپ کی ان کی اچھی تربیت کرتے ہیں تو پھر آپ کو صرف تین بچوں کی تربیت کرنے کا اجر ثواب حاصل ہوگا

لیکن اگر آپ کے دس بچے ہوں تو آپ کو دس بچوں کی تربیت کرنے کا اجر و ثواب حاصل ہوگا، اور پھر آپ کو یہ بھی علم نہیں کہ ہو سکتا ہے اللہ تعالی ان دس میں سے علماء اور مجاہدین بنا دے جو امت مسلمہ کو فائدہ دیں، اور آپ کے لیے یہ نیکی واحسان کا باعث بنے گی

اس لیے آپ اولاد زیادہ پیدا کریں، اولاد زیادہ پیدا کریں اللہ سبحانہ وتعالی آپ کے مال و دولت اور روزی میں بھی اضافہ فرمائے گا" انتہی

ماخوذ از:

فتاوی نور علی الدرب

اللہ سبحانہ وتعالی ہمیں اور آپ کو ایسے اعمال کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جن سے وہ راضی ہوتا ہے اور جنہیں پسند کرتا ہے

واللہ اعلم.